# ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال

## سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال کے علاقائی دائرہ اختیار میں واقع سکولز و کالجز کے ایسے اساتذہ کرام / آفیسران جو گریڈ 16 تا 19 سے ریٹائرڈ و حاضر سروس ہوں سے شعبہ چیف سیکریسی آفیسر بورڈ ہذا میں انتہائی خفیہ، حساس امور کو متعین عرصہ میں سرانجام دینے کے لئے جز وقتی سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست فارم بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk پر دستیاب ہے جو کہ مورخہ 15-02-2025 تک دفتری اوقات کار میں جمع کروانا ضروری ہے ۔ یہ خالصتاً عارضی انتظام کے لئے درج ذیل شرائط کے تحت ہوگا۔

**شرائط:۔**

**1** ۔سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے ریٹائرڈ و حاضر سروس اساتذہ کرام درخواستیں گزار سکتے ہیں۔

**2** ۔درخواستوں کے ہمراہ ریٹائرمنٹ نوٹیفکیشن / سروس سرٹیفکیٹ اور قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپیاں لف ہونا ضروری ہیں۔

**3** ۔سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کو معاوضہ کی ادائیگی فی جوابی کاپی کی بنیاد پر بورڈ کے پہلے سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق کی جائے گی۔ سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) اپنی ٹیم کا معاوضہ اپنے ہی معاوضے سے ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ بورڈ ہذا ان کی ٹیم کو معاوضہ کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ نیز سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) اپنی ٹیم کے ہر ممبر کے کام، کارکردگی، کردار، رویہ اور راست بازی کے حوالہ سے ذمہ دار ہوں گے۔

**4** ۔یہ انتظام خالصتاً عارضی اور جز وقتی ہوگا جو کسی وقت بھی بغیر کوئی وجہ بتائے یا بغیر نوٹس یا غیر تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر یا مخصوص کام کی تکمیل پر ختم ہو سکتا ہے اور مستعار خدمتی ریٹائرڈ / حاضر سروس آفیسر کو ایسے فیصلہ کے خلاف کسی قسم کی قانونی و عدالتی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔ اس امر کا حلفیہ بیان سو روپے (100) مالیت کے اشٹام پیپر پر درخواست کے ہمراہ بورڈ ہذا کو فراہم کرنا ہوگا۔

**5** ۔اس شعبہ میں خاطر خواہ تجربہ رکھنے والے اور مقامی افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

**6** ۔انٹرویو کا انعقاد مورخہ 19-02-2025 کو بورڈ ہذا میں ہوگا۔ انٹرویو میں شرکت کے لئے کسی قسم کا نہ تو سفر خرچ / یومیہ دیا جائے گا اور نہ ہی علیحدہ سے کوئی نوٹس / اطلاع نامہ دیا جائے گا۔

سیکرٹری، ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

کیمپس: واقع عقب گورنمنٹ گریجوایٹ کالج، ساہیوال

# بخدمت جناب چیئرمین، ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

**عنوان: درخواست برائے سیکریسی آفیسر (فرضی نمبرات)**

**جناب عالی!**

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آپ کو سیکنڈری/ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (پہلا اور دوسرا سالانہ) امتحانات 2025 میں سیکریسی آفیسر فرضی نمبرات کے لیے ریٹائرڈ اساتذہ کرام کی جزوقتی خدمات (فی کاپی) کی بنیاد پر درکار ہیں۔ اس کے لیے بندہ اپنی خدمات پیش کرتا ہے۔ بندہ کے کوائف حسب ذیل ہیں؛

(1) نام:__________ (2) ولدیت:__________

(3) تاریخ پیدائش:__________ (4) شناختی کارڈ نمبر:__________

(5) عہدہ، سکیل وجائے ملازمت بوقت ریٹائرمنٹ:__________

(6) تعلیمی وپیشہ ورانہ قابلیت:__________ (7) تاریخ ریٹائرمنٹ:__________

(8) مستقل پتہ:__________ (9) موبائل نمبر:__________

__________ واٹس ایپ نمبر:__________

(10) تجربہ بطور سیکریسی آفیسر (فرضی نمبرات):__________

(11) کسی قریبی عزیز یا دوست کا حوالہ جو کسی سرکاری ملازمت میں ہو یا ریٹائر ہو چکا ہو:__________

اگر آپ مجھے اپنے ماتحت خدمات کا موقع فراہم کریں گے تو میں اپنے فرائض منصبی کو پوری دیانت داری، فرض شناسی اور مکمل راز داری سے ادا کروں گا نیز کسی قسم کی کسر اٹھا نہ رکھوں گا۔ **مزید حلفاً تحریر کرتا ہوں کہ؛**

(۱) چیف سیکریسی آفیسر کی جانب سے دی گئی ہدایات پر سختی سے عمل کروں گا۔

(۲) میرے قریبی عزیزوں میں سے یا میرا حقیقی بھائی، بہن، بیٹا اور بیٹی کوئی بھی اس امتحان میں شرکت نہیں کر رہا۔

(۳) میں کسی بھی پرائیویٹ ادارے میں پڑھا رہا ہوں اور نہ ہی پرائیویٹ ادارہ یا اکیڈمی چلا رہا ہوں۔

(۴) قواعد وضوابط کی بے قاعدگی یا کسی راز کے ظاہر کرنے کی صورت میں بورڈ کے سامنے احتساب کے لیے اپنے آپ کو پیش کروں گا اور غلطی ثابت ہونے کی صورت میں حسبِ قواعد بورڈ کو ہرجانہ ادا کروں گا۔

(۵) قومی شناختی کارڈ و ریٹائرمنٹ نوٹیفکیشن کی کاپیاں لف کردی گئی ہیں۔

تاریخ:__________ دستخط درخواست دہندہ